مسواک قابلِ استعمال نہ رہے، تو کیا اسے پھینک سکتے ہیں؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوتِ اسلامی)

سوال

مسواک استعمال شدہ اگر قابل استعمال نہ رہے تو کیا اسے پھینک سکتے ہیں کیا اسے پانی میں پھینکنا چاہیے یا کہیں بھی پھینک سکتے ہیں؟ اگر خشکی پر پھینک دیں تو ہونٹ خراب ہو جائیں گے کیا درست ہے؟

جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

مِسواک جب ناقابلِ اِستِعمال ہو جائے تو پھینکنا نہیں چاہیے کہ یہ آلۂ ادائے سنّت ہے، کسی جگہ اِحتیاط سے رکھ دینا یا دَفن کر دینا چاہیے یا پتھر وغیرہ وَزن باندھ کر سمندر میں ڈبو دینا چاہیے۔ (ماخوذ از فیضان مسواک، صفحہ 11، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

استعمال شدہ مسواک کو پھینک دینے سے ہونٹ خراب ہونے کی شرعاً کوئی حقیقت نہیں۔

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا عابد عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-2163

تاریخ اجراء: 11 شعبان المعظم 1446ھ/10 فروری 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net